**Shabbir / Fazil**

**08-04-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ دو ہفتہ طویل جنگ بندی کا اعلان کیا ہے، بشرطیکہ آبنائے ہرمز کے راستے بحری جہازوں کو گزرنے دیا جائے۔ ایران بھی دو ہفتے کے لئے فوجی کارروائی روکنے اور ہرمز سے ہوکر محفوظ راستہ فراہم کرنے پر رضامند ہوگیا ہے۔

2- مذکورہ اتفاقِ رائے کے بعد خام تیل کی عالمی قیمتیں کافی نیچے آ گئی ہیں۔

3 - وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج نئی دلی میں بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصب خلیل الرحمان کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

4- ریزرو بینک آج صبح مالی سال 2026-27 کیلئے اپنے پہلے دو ماہی مالی پالیسی بیان کا اعلان کرے گا۔

5- مرکز نے ''جیسا ہے جہاں ہے'' کی بنیاد پر دلی میں Unauthorised کالونیوں کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

6- اور : بھارتی نشانے بازوں پلک اور مُکیش نے اسپین میں جاری ISSF ورلڈ کپ میں 10 میٹر کے ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Trump Iran Ceasefire

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکہ اور ایران کے درمیان مجوزہ دو ہفتہ طویل جنگ بندی سے اتفاق کر لیا ہے، بشرطیکہ آبنائے ہرمز کے راستے بحری جہازوں کو گزرنے دیا جائے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Chirag

وہائٹ ہاؤس کی جانب سے جاری کیے گئے ایک بیان میں صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ دو ہفتے کے لئے ایران پر بمباری اور حملے روکنے پر رضامند ہوگیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ جنگ بندی کا انحصار ایران کی جانب

سے   آبنائے ہرمز کو فوری طور سے پوری طرح اور محفوظ طریقے سے کھولنے سے متفق ہونے پر ہوگا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ ایران کو دس نکاتی تجویز بھیجی گئی ہے۔

اِس سے پہلے صدر ٹرمپ نے ایران کو وارننگ دی تھی کہ اگر ایران نے اُن کے مطالبات تسلیم نہ کیے، جس میں آبنائے ہرمز کو کھولنا بھی شامل ہے تو وہ ایران کے بجلی گھروں اور پُلوں سمیت اہم بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنا سکتے ہیں۔

دوسری طرف ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی اعلان کیا ہے کہ اگر ایران کے خلاف حملے روکے جاتے ہیں   تو ایران بھی جنگ بندی پر رضامند ہوگا۔

انھوں نے اعلان کیا کہ ایران کی مسلح افواج کے ساتھ تال میل اور تکنیکی حدود پر مناسب غوروفکر کرنے کے بعد آبنائے ہرمز سے ہوتے ہوئے دو ہفتے کیلئے محفوظ راستہ فراہم کرنا ممکن ہوگا۔

چراغ جھا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .........

اِدھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دو ہفتہ طویل مشروط جنگ بندی کے اعلان کے بعد عالمی سطح پر تیل کی قیمتیں کافی نیچی آ گئی ہیں۔ Brent خام تیل کی قیمت میں پانچ اعشاریہ آٹھ فیصد کی گراوٹ آئی اور یہ 103 ڈالر 42 سینٹ فی بیرل پر آ گیا، جبکہ امریکی لین دین والے تیل کی قیمت تقریباً ساڑھے آٹھ فیصد کم ہوکر 103 ڈالر 25 سینٹ فی بیرل پر آ گئی۔x

UNSC VETO

روس اور چین نے آبنائے ہرمز کو پھر سے کھولنے سے متعلق اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قرارداد کو ویٹو کردیا ہے۔ اِس اہم آبی راستے سے تیل کی عالمی سپلائی کا 20 فیصد حصہ گزرتا ہے۔

15 ممبر ملکوں پر مشتمل سلامتی کونسل میں بحرین کی پیش کردہ قرارداد پر ووٹنگ ہوئی تھی۔ 11 ملکوں نے اِس کے حق میں ووٹ دیا جبکہ دو نے اِس کی مخالفت کی اور دو ملکوں نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔

یہ قرارداد منظور نہیں ہوسکی کیونکہ ویٹو کے اختیار والے مستقل ممبر ملکوں روس اور چین نے قرارداد کی مخالفت میں ووٹ دیا۔x

Jaishankar Rahman

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج دوپہر نئی دلّی میں بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ خلیل الرحمٰن سے ملاقات کریں گے۔ جناب رحمٰن بھارت کے تین روزہ دورے پر کل شام نئی دلّی پہنچے ہیں۔

امید ہے کہ جناب رحمٰن اپنے دورے میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال، تجارت و صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل اور پیٹرولیم و قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پُری سے بھی ملاقات کریں گے۔
بنگلہ دیش میں فروری میں، جب سے BNP کی قیادت والی حکومت قائم ہوئی ہے، بنگلہ دیش کے کسی وزیر اعظم کا بھارت کا یہ پہلا دورہ ہے۔×

Misri US Visit

خارجہ سکریٹری وِکرم مسری آج سے امریکہ کے تین روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے میں وہ امریکہ کے سینئر افسران سے بات چیت کریں گے۔ تجارت، دفاع، سائنس و ٹکنالوجی اور باہمی مفاد کے علاقائی و عالمی حالات و واقعات پر بھی وسیع بات چیت کی جائے گی۔ وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ اِس دورے سے بھارت-امریکہ تعلقات کے پورے منظرنامے کا جائزہ لینے اور اہم میدانوں میں جاری تعاون کو آگے بڑھانے کا موقعہ فراہم ہوگا۔ یہ دورہ اِس سال فروری میں وزیر خارجہ کے واشنگٹن DC کے دورے کے بعد کیا جا رہا ہے، جو دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے لگاتار تال میل اور آمدورفت کے سلسلے کا حصہ ہے۔ ×

RBI

ریزرو بینک آج صبح مالی سال 2026-27 کیلئے اپنے پہلے دو ماہی مالی پالیسی بیان کا اعلان کرے گا۔ ریزرو بینک کے گورنر سنجے ملہوترا آج صبح 10 بجے مالی پالیسی کمیٹی کی میٹنگ میں کیے گئے فیصلوں کا اعلان کریں گے، جو 2026-27 کی پہلی میٹنگ ہے۔
ریزرو بینک کے گورنر کی سربراہی میں چھ ارکان پر مشتمل مالی پالیسی کمیٹی پیر کے روز سے مختلف اہم پہلوؤں پر تبادلۂ خیال کر رہی ہے، جس میں شرح سود، افراطِ زر کی صورتحال اور شرح ترقی کے اندازے شامل ہیں۔
ماہرین کے مطابق امید ہے کہ ریزرو بینک مغربی ایشیا بحران کے تناظر میں افراطِ زر کی شرح بڑھنے کے امکان کے پس منظر میں Repo Rate کو سوا پانچ فیصد کی سطح پر برقرار رکھے گا۔x

Delhi Unauthorised Colonies

مکانات اور شہری امور کے وزیر منوہر لال نے ’’جیسا ہے جہاں ہے‘‘ کی بنیاد پر دلی کی Unauthroised کالونیوں کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کے ساتھ نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ موجودہ Structures کو تسلیم کیا جائے گا جبکہ مستقبل کی تعمیرات کو میونسپل کارپوریشن کے ضابطوں پر سختی کے ساتھ عمل کرنا ہوگا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Akshit

مرکزی وزیر منوہر لال نے کہا ہے کہ کالونیوں کو ریگولرائز کرنے کے فیصلے کے تناظر میں وہاں کے باشندوں کی اِس بات کے لئے حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ اپنی پراپرٹی کا رجسٹریشن کرانے کیلئے آگے آئیں۔ انھوں نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ سرکار دلی کے لوگوں کیلئے منظّم اور مرحلے وار شہری اصلاحات کے تئیں عہد بند ہے۔

Byte : Manohar Lal

جناب منوہر لال نے یہ بھی کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں دلی میں منصوبہ بند اور جامع شہری ترقی کا ایک نیا مرحلہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ اِس اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے دلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے کہا کہ مرکزی سرکار کی مدد سے اِن کالونیوں کو منظّم شہری مراکز میں بدلنے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔

انھوں نے کہا کہ دلی میں Unauthorised کالونیوں کو تسلیم کرنے کا عمل دلی کے 45 لاکھ لوگوں کی زندگی میں راحت، عظمت، وقار اور حقوق کے ایک نئے باب کی علامت ہے۔

دلی سے اکشت کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Keralam

کیرالم میں کل ہونے والے اسمبلی انتخابات کے تناظر میں حکام نے ووٹنگ عمل کے دوران گرین پروٹوکول رہنما خطوط پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنانے کی خاطر سخت ہدایات جاری کی ہیں۔ اِس کا مقصد پولنگ مراکز میں نظم و ضبط اور پوری صلاحیت کو برقرار رکھتے ہوئے ماحولیات کے اعتبار سے سازگار چناؤ کو فروغ دینا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Smithy

کیرالم میں سبھی پولنگ بوتھوں اور متعلقہ مراکز پر گرین پروٹوکول رہنما خطوط پر سختی کے ساتھ عمل درآمد کو یقینی بنانے کیلئے وسیع اقدامات کیے گئے ہیں۔ ایک بار استعمال ہونے والے پلاسٹک اور تھرموکول سے بنی اشیا اور سامان پر پوری طرح پابندی عائد کی گئی ہے۔ Haritha Karma Sena کے اشتراک سے کوڑے کچرے کو ٹھکانے لگانے کے ایک سائنسی نظام کا بندوبست کیا گیا ہے۔ بیداری کو فروغ دینے کیلئے پچھلے تین ہفتے سے Green Button کے نام سے ایک مہم چلائی جا رہی ہے۔ پوری ریاست میں سرگرم معائنے کے نتیجے میں آٹھ لاکھ روپے سے زیادہ کا جرمانہ عائد کیا گیا۔

تھرواننتھا پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

Puducherry

پدوچیری میں کل ہونے والی پولنگ کے خوش اسلوبی اور بلارکاوٹ انعقاد کیلئے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ الکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو سبھی حلقوں کے پولنگ مرکزوں پر بھیجنے کا عمل شروع ہو چکا ہے۔

ایک رپورٹ:

V/C Bibin

ویمنز انجینئرنگ کالج، موتی لال نہرو گورنمنٹ پولی ٹیکنیک کالج اور ٹیگور گورنمنٹ آرٹس اینڈ سائنس کالج کے اسٹرونگ رومس آج صبح آٹھ بجے کے قریب سخت سکیورٹی کے دوران کھولے گئے۔ الیکٹرونک ووٹنگ مشینیں EVMs اور VVPATs پولنگ اسٹیشنوں کیلئے بھیجی گئی ہیں۔

پولنگ کے بعد، سبھی استعمال شدہ EVMs کو واپس لاکر، حلقوں کے لحاظ سے اسی اسٹرونگ روم میں سخت سکورٹی کے تحت رکھا جائے گا۔ پدوچیری ضلع میں ہی، کُل 4 ہزار 116 پولنگ اہلکاروں کو الیکشن ڈیوٹی کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔ اس موقعے پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ 155 مائیکرو آبزرورس کو سبھی 137 حساس پولنگ اسٹیشنوں کیلئے مقرر کیا گیا ہے، تاکہ پولنگ کے عمل کی نگرانی کو یقینی بنایا جا سکے۔

پدوچیری سے Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Assam Poll

آسام میں، کل ہونے والی پولنگ کے تناظر میں انتخابی کمیشن نے ریاست کے سبھی 126 اسمبلی حلقوں میں انتظامات کو حتمی شکل دے دی ہے۔ 722 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ ڈھائی کروڑ سے زیادہ رائے دہندگان اُن کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Saswati

ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر انوراگ گوئل نے شفاف عمل کو یقینی بنانے کی خاطر اعلان کیا ہے کہ سبھی 31 ہزار 490 پولنگ مراکز پر براہِ راست ویب کاسٹنگ نگرانی کی جائے گی۔ سیکیورٹی کے ساتھ ساتھ چناؤ کمیشن نے رائے دہندگان کی سہولت کو ترجیح دیتے ہوئے موبائل فون جمع کرانے، انتظار کیلئے مخصوص زون بنانے اور ہر پولنگ مرکز پر Ramps کی سہولت فراہم کرنے کا بندوبست کیا ہے۔

ایک اہم سنگِ میل پہلے ہی حاصل کرلیا گیا ہے۔ اِس کے تحت 34 ہزار سے زیادہ بزرگ اور معذور افراد نے پوسٹل بیلٹ کے ذریعے گھر سے ہی اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔ انتظامیہ خوش اسلوبی کے ساتھ چناؤ کو یقینی بنانے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہی ہے۔ اِس کیلئے ڈیڑھ لاکھ چناؤ اہلکاروں کو متعین کیا گیا ہے۔

سلچر سے Saswati بھٹا چارجی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں .....

WB CEO Prisons

مغربی بنگال کے اعلیٰ انتخابی افسر نے ریاست کی جیلوں اور اصلاحی مرکزوں کی سخت نگرانی کا حکم دیا ہے، تاکہ انتخابی عمل میں، جیلوں سے کسی طرح کی مداخلت نہ کی جا سکے۔ ہدایت میں لگاتار اور اچانک معائنوں کیلئے کہا گیا ہے، تاکہ کسی طرح کی غیر قانونی مواصلات یا سیاسی سرگرمیوں کی کوئی منصوبہ بندی نہ ہو۔

سکیورٹی برقرار رکھنے کیلئے اِن لوگوں کو پرول، چھُٹی یا عارضی رِہائی دینے کا سلسلہ 6 مئی تک معطل کر دیا گیا ہے۔ البتہ اِس ہدایت کا اطلاق، انسانی ہمدردی کے انتہائی درجے کے کیس میں نہیں ہوگا، جس کیلئے ضلع انتخابی افسر کی طرف سے تحریری اجازت لینا ہوگی۔ موبائل فونز، سم کارڈز، نقد رقم، نشیلے مادّے اور دیگر ممنوعہ چیزوں کو ضبط کرنے کیلئے بار بار تلاشی لی جائے گی۔x

ECI Poll Agents

انتخابی کمیشن نے یہ وضاحت کی ہے کہ آئندہ ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے پولنگ ایجنٹوں کے بیٹھنے کے انتظامات کے تعلق سے کوئی نئے رہنما خطوط جاری نہیں کیے گئے ہیں۔ کمیشن نے کچھ ذرائع ابلاغ کی اِن اطلاعات کا نوٹس لیا ہے جن میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ پولنگ کے دن مختلف سیاسی پارٹیوں کے پولنگ ایجنٹوں کو پولنگ مراکز میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ پولنگ ایجنٹوں کے تعلق سے سبھی موجودہ رہنما خطوط کسی تبدیلی کے بغیر بدستور نافذ رہیں گے۔x

Delhi Govt LPG

دلی سرکار نے کمرشل LPG کی دستیابی میں اضافہ کرتے ہوئے مائیگرینٹ مزدوروں اور طلبا کیلئے 19 کلوگرام کے LPG سلنڈرس کی تعداد 180 سے دوگنا کرکے 360 سلنڈر یومیہ کردی ہے۔

دلی کے خوراک اور سپلائز محکمے کے وزیر Manjinder سنگھ سرسا نے زور دے کر کہا ہے کہ ذخیرہ اندوزی یا کالابازاری میں ملوث کسی بھی شخص کے خلاف بلا تاخیر فوجداری کارروائی کی جائے گی۔x

ISSF World Record

کل اسپین میں Granada کے مقام پر ISSF عالمی کپ میں 10 میٹر ایئر پسٹل کی مِکسڈ ٹیم کے مقابلے میں بھارت کے نشانے بازوں Palak Gulia اور مُکیش Nelavalli نے سونے کا تمغہ جیتا۔

بھارت کی اِس جوڑی نے، فائنل میں 487 اعشاریہ 7 پوائنٹس اسکور کیے، جبکہ اِس سال کے شروع میں نئی دلّی میں اُزبیکستان کی Nigina Saidkulova اور محمد کمالوف کی جوڑی نے ایشیاء نشانے بازی چیمپئن شپس میں 481 اعشاریہ 3 پوائنٹس حاصل کیے تھے۔ پالک نے 243 پوائنٹس حاصل کیے، جبکہ مُکیش نے 244 اعشاریہ 7 پوائنٹس حاصل کیے۔ یہ Nelavalli کا ISSF عالمی کپ مقابلوں میں کوئی پہلا تمغہ ہے۔

چین کی ٹیم نے 484 اعشاریہ 8 پوائنٹس حاصل کر کے چاندی کا تمغہ جیتا اور ہنگری نے 414 اعشاریہ 9 پوائنٹس حاصل کر کے کانسے کا تمغہ جیتا۔ 18 سالہ پالک نے اِس سے پہلے 2023 کے ایشیائی کھیلوں میں انفرادی مقابلے میں سونے کا اور ٹیم مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا تھا۔

انہوں نے 2024 کے پیرس اولمپکس میں بھی جگہ بنائی تھی۔ مُکیش بھی بھارتی پستول نشانے بازی میں ایک اُبھرتے ہوئے کھلاڑی ہیں اور وہ ایک جونیئر عالمی چیمپئن ہیں۔

IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، کل رات گوہاٹی میں، راجستھان رائلس نے ممبئی انڈینس کو 27 رن سے ہرا دیا۔ یہ میچ بَرسا پاڑا کرکٹ اسٹیڈیَم میں کھیلا گیا۔ یہ میچ بارش کی وجہ سے ڈھائی گھنٹے سے بھی زیادہ تاخیر سے شروع ہوا اور بعد میں اِسے محض 11 اوورز تک محدود کر دیا گیا۔

راجستھان نے، پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 3 وکٹ پر 150 رن بنائے، جبکہ یشسوی جیسوال 32 گیندوں میں 77 رن بنا کر، کریز موجود تھے۔

جواب میں ممبئی نے 9 وکٹ پر 123 رن بنائے اور وہ جیت کا نشانہ حاصل نہ کر سکا۔

آج کے میچوں میں دلّی کیپیٹلس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیَم میں شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

ITBP Sports Cluster

انڈو تبّتن بارڈر پولیس ITBP کے زیر اہتمام 25 واں آل انڈیا واٹر اسپورٹس Cluster آج اتراکھنڈ کے ٹِہری میںWASAI کے مقام پر شروع ہو رہا ہے۔ یہ پانچ روزہ تقریب، اس ماہ کی 12 تاریخ تک جاری رہے گی۔ ITBP کے انسپکٹر جنرل Manu مہاراج نے مطلع کیا ہے کہ ملک بھر کی 19 ٹیمیں 52 مقابلوں میں حصہ لیں گی۔

130 خواتین اور 310 مردوں سمیت ریاستی پولیس اور نیم فوجی فورسز کے 440 سے زیادہ اہلکار بھی اس میں شرکت کر رہے ہیں۔

اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی، اس باوقار قومی تقریب کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر ITBP کے ڈائریکٹر جنرل شتروجیت کپور اور دیگر سینئر عہدیدار بھی موجود رہیں گے۔×

UP LPG Petrol

اترپردیش سرکار نے بھی ایک بار پھر کہا ہے کہ ریاست میں پیٹرول اور ڈیزل کی سپلائی پوری طرح معمول کے مطابق ہے اور اِس کی کوئی قلت نہیں ہے۔ سرکار نے عوام سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ دہشت میں نہ آئیں اور ایندھن بلا ضرورت ذخیرہ اندوزی نہ کریں۔ سرکار نے بلیک مارکیٹنگ کی روک تھام کیلئے بھی بڑے پیمانے پر کارروائی کی ہے۔ ×

UP Tablet

اترپردیش سرکار نے نوجوانوں کو 25 لاکھ ٹبلیٹس مُفت دیے جانے کیلئے اِن کی خریداری کی اجازت دے دی ہے۔ یہ ٹیبلیٹس سوامی وِویکانند یوا سشکتی کرن یوجنا کے تحت دیے جائیں گے۔ یہ فیصلہ کُل کابینہ کی ایک میٹنگ میں کیا گیا ہے، جس کی صدارت وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کی۔

ریاست کے وزیر خزانہ سُریش کھنہ نے بتایا کہ ریاستی سرکار اِس اسکیم کے تحت ابھی تک 60 لاکھ اِسمارٹ فونز اور ٹیبلیٹس تقسیم کر چکی ہے۔×

Must Announcement

ہم اپنی سیریز ''آکاشوانی پر لوگوں کے پدم'' کی اگلی قسط میں، ایک سماجی کارکن محترمہ ایس جی سُشیلمّا سے بات چیت کریں گے۔ اُنہیں سماجی کام کے میدان میں باوقار پدم شری خطاب سے نوازا جائے گا۔

S/B - Attached

آپ اِس گفتگو کو آج 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر صبح 9 بجکر 10 منٹ سے سُن سکتے ہیں۔

یہ پروگرام آپ NEWSONAIR ایپ اور NEWSONAIROFFICIAL یو ٹیوب چینل پر بھی سُن سکتے ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد المالک

شکریہ -اسلم بیگ

عالمی یومِ صحت کے موقعے پر وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو روزنامہ انقلاب نے بڑی خبر بنایا ہے کہ ایک صحتمند معاشرے کی تعمیر کیلئے ہندوستان پُر عزم۔

اخبار اس موقعے پر وزیر اعظم کی جانب سے طبّی عملے کو خراجِ تحسین پیش کیے جانے اور مضبوط نظام صحت کیلئے اجتماعی کوششوں پر زور دیے جانے کا بھی ذکر کیا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس اور روزنامہ پرتاپ نے دلّی میں غیر مجاز کالونیوں کو ریگولرائز کیے جانے اور دلّی میں TOD پالیسی کے نفاذ کا اعلان کیے جانے کی خبر دی ہے اور وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کے حوالے سے سرخی لگائی ہے: ''یہ قدم دلّی کے 45 لاکھ لوگوں کی زندگیوں میں راحت، وقار اور حقوق کے ایک نئے باب کی علامت ہے۔''

ہندوستان ایکسپریس نے مرکزی حکومت کے اس بیان کو جلی سرخیوں میں شائع کیا ہے کہ ''ملک میں پیٹرول، ڈیزل، LPG اور PNG کی سپلائی مستحکم ہے۔

اسی اخبار کی ایک اور خبر کے مطابق: صنعتوں کو راحت دینے کا فیصلہ، اسپیشل کریڈٹ گارنٹی اسکیم کا مسودہ تیار۔

روزنامہ انقلاب نے اترپردش کابینہ کے اجلاس میں 22 اہم تجاویز کو منظوری دیے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اسی اخبار نے اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی اِگنو کے جلسۂ تقسیم اسناد کے موقعے پر نائب صدر جمہوریہ سی-پی رادھا کرشنن کے خطاب کی خبر دیتے ہوئے سرخی لگائی ہے: ''اِگنو روائتی اور جدید تعلیم کا حسین امتزاج۔''

ہندوستان ایکسپریس کی ایک خبر کے مطابق: مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اودھم پور میں مجوزہ ہوائی اڈّے کو شہری پروازوں کیلئے فعال بنانے کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ دو ہفتہ طویل جنگ بندی کا اعلان کیا ہے، بشرطیکہ آبنائے ہرمز کے راستے بحری جہازوں کو گزرنے دیا جائے۔ ایران بھی دو ہفتے کے لئے فوجی کارروائی روکنے اور ہرمز سے ہوکر محفوظ راستہ فراہم کرنے پر رضامند ہوگیا ہے۔

2- مذکورہ اتفاقِ رائے کے بعد خام تیل کی عالمی قیمتیں کافی نیچے آ گئی ہیں۔

3 - وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج نئی دلی میں بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصب خلیل الرحمان کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

4- ریزرو بینک آج صبح مالی سال 2026-27 کیلئے اپنے پہلے دو ماہی مالی پالیسی بیان کا اعلان کرے گا۔

5- مرکز نے ''جیسا ہے جہاں ہے'' کی بنیاد پر دلی میں Unauthorised کالونیوں کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

6- اور : بھارتی نشانے بازوں پلک اور مُکیش نے اسپین میں جاری ISSF ورلڈ کپ میں 10 میٹر کے ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---